FOR OFFICIAL USE

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | |

C

Total

4100/403

NATIONAL QUALIFICATIONS 2008

TUESDAY, 20 MAY
11.10 AM – 12.10 PM

# URDU
## STANDARD GRADE
Credit Level
Reading

**Fill in these boxes and read what is printed below.**

Full name of centre

Town

Forename(s)

Surname

Date of birth
Day Month Year

Scottish candidate number

Number of seat

When you are told to do so, open your paper and write your answers **in English** in the spaces provided.

You may use an Urdu dictionary.

Before leaving the examination room you must give this book to the invigilator. If you do not, you may lose all the marks for this paper.

LI 4100/403 6/770

SQA ©

**1.** You read this article in an Urdu magazine about a writer.

رابعہ کا کتاب لکھنے کا خواب اُس وقت پُورا ہوا جب وہ اسّی سال کی عمر کو پہنچیں۔
اُنھوں نے اپنے بچپن کے حالات کے بارے میں ایک کتاب لکھنا شروع کی تھی لیکن
اپنی مصروف زندگی کی وجہ سے انہیں یہ چھوڑنی پڑی۔ جب وہ سولہ سال کی ہوئیں
تو اُن کے والد کی وفات ہوگئی۔ اُس وقت اُن کے پانچ چھوٹے بہن بھائی تھے۔ اِس لئے
اُنہیں پڑھائی چھوڑ کر کام تلاش کرنا پڑا کیونکہ اُن کی والدہ کی صحت زیادہ اچھی نہ تھی کہ
وہ نوکری کرسکتیں لیکن اُنہیں بچّوں کی پرورش کے لئے پیسوں کی ضرورت تھی۔

*Marks*

**1. (continued)**

Rabia has just achieved her life ambition of writing a book.

(*a*) What is it about? **1**

(*b*) What happened when she was sixteen years old? **1**

(*c*) Why did she have to leave school? **2**

**[Turn over**

2. You are surfing the Internet and you find a teenager's page where they express their views about fashion.

اختر : میں جوبھی لباس پہنتا ہوں اُس سے میرے مزاج کا پتہ چلتا ہے۔ جب میں اُداس ہوتا ہوں تو میں گہرے رنگ کے کپڑے پہنتا ہوں۔ جب میں خوش ہوتا ہوں تو میرا لباس ہلکے رنگ کا ہوتا ہے۔ اگر کوئی پریشانی ہوتی ہے تو ڈھیلا لباس پہنتا ہوں اور جب بالکل ٹھیک ہوتا ہوں تو نئے فیشن کے کپڑے پہنتا ہوں۔

میں سمجھتا ہوں کہ لباس کا انتخاب بہت اہم ہے کیوں کہ ایک تو اِس سے انسان کی شخصیت کا پتہ چلتا ہے۔ دوسری بات یہ کہ میں چاہتا ہوں کہ میرے کپڑے ایسے ہوں کہ میں سب لوگوں سے بالکل الگ نظر آؤں۔ اِس لئے میرے جیب خرچ کا زیادہ حصّہ میرے کپڑوں پر خرچ ہوتا ہے۔

سوزن: میرے پاس زیادہ پیسے نہیں ہیں۔ اِس لئے میں ایسا لباس پہنتی ہوں جیسے جینز جو اچھی بھی ہے۔ میں اِسے ہر موسم میں پہن سکتی ہوں اور عوام میں پسند بھی کی جاتی ہے، آسانی سے دُھل جاتی ہے اور زیادہ استری بھی نہیں کرنی پڑتی۔ میں اُس پر خوبصورت سی قمیص یا کُرتہ پہن سکتی ہوں۔ دراصل میں اپنے لباس کی وجہ سے اپنے دوستوں سے الگ بھی نہیں لگنا چاہتی۔

جویریہ : میں ایک سِلے ہوئے کپڑوں کی دُکان میں کام کرتی ہوں۔ جہاں پر ہر نئے فیشن کے کپڑے بِکتے ہیں پھر بھی میں نئے فیشن کے پیچھے نہیں بھاگتی۔

میں صرف وہی لباس پسند کرتی ہوں جس میں مجھے آرام ملے اور میں خوبصورت بھی لگوں اور قیمت بھی مناسب ہو۔ میں دوسری اہم چیزوں پر اپنے پیسے خرچ کرتی ہوں مثلاً چھٹیوں پر جانا، موسیقی کی سی ڈی خریدنا اور ورزش کے کلب میں جانا۔

**2. (continued)** *Marks*

(*a*) Akhter believes he shows his moods through what he wears. How does he show what mood he is in? Mention **three** things. **3**

(*b*) What tells us that he thinks clothes are important? Give **two** details. **2**

(*c*) According to Suzan jeans are practical and inexpensive. What are her other reasons for wearing jeans? Give **four** reasons. **4**

(*d*) How does she want to look among others? **1**

(*e*) Jawayria thinks that fashion is not important. How does she explain her attitude? Mention **three** things. **3**

(*f*) Apart from clothes what other things are important to her? Mention **two** things. **2**

**3.** Your friend booked a holiday through a travel agent specialising in south Asian tours. On returning he wrote the following letter to the company.

محترم منیجر صاحب،

یہ خط میں اپنی اور اپنے ساتھیوں کی طرف سے لکھ رہا ہوں جو آپ کی کمپنی کے ذریعے پاکستان کے مشہور شہروں کی سیر و سیاحت کے لئے گئے تھے۔ یہ سیاحت بیس جولائی سے تیس جولائی تک رکھی تھی۔ یہ بات مجھے افسوس کے ساتھ کہنا پڑتی ہے کہ ہمارا پورا گروپ اِس سیاحت کے اِنتظامات سے خوش نہیں ہے۔

ناراضگی کی وجوہات مندرجہ ذیل ہیں:

- اشتہار میں جِن مقامات کی سیر کا وعدہ کیا تھا اُن سب جگہوں پر ہمیں نہیں لے جایا گیا۔
- جس ہوٹل میں ٹھہرایا گیا اُس کے کچھ کمروں میں کھڑکیاں نہیں تھیں۔
- جِن کمروں میں کھڑکیاں تھیں اُن میں پردے بہت پُرانے اور پتلے تھے۔
- کمروں میں صفائی کا انتظام بھی اچھا نہیں تھا۔
- ہم سے کہا گیا تھا کہ سبزی کھانے والوں کے لئے الگ انتظام ہوگا جو بالکل نہیں تھا۔
- آپ کی طرف سے ہماری مدد کرنے والا بھی کوئی نہیں تھا۔

ہم نے جو یہ پریشانی برداشت کی ہے اِس کی وجہ سے میں اپنے گروپ کی طرف سے یہ کہتا ہوں کہ آپ ہمارے کُل اخراجات کے آدھے پیسے واپس کریں۔ اگر ایسا نہیں کیا گیا تو ہم یہ خبر اخبار میں دیں گے جِس سے آپ کی شُہرت پر بُرا اثر پڑے گا۔

*Marks*

**3. (continued)**

(*a*) When was the tour arranged? **1**

(*b*) The group who went on holiday to Pakistan are unhappy. What are the reasons for this? Mention any **four**. **4**

(*c*) What does the writer demand? **1**

(*d*) What will the writer do if the company refuses? **1**

**Total (26)**

[*END OF QUESTION PAPER*]

FOR OFFICIAL USE

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | |

**C**

Total Mark

# 4100/408

NATIONAL QUALIFICATIONS 2008

TUESDAY, 20 MAY
2.30 PM – 3.00 PM
(APPROX)

URDU
STANDARD GRADE
Credit Level
Listening

**Fill in these boxes and read what is printed below.**

Full name of centre

Town

Forename(s)

Surname

Date of birth
Day Month Year

Scottish candidate number

Number of seat

When you are told to do so, open your paper.

You will hear a number of short items in Urdu. You will hear each item three times, then you will have time to write your answer.

Write your answers, **in English**, in this book, in the appropriate spaces.

You may take notes as you are listening to the Urdu, but only in this book.

You may **not** use an Urdu dictionary.

You are not allowed to leave the examination room until the end of the test.

Before leaving the examination room you must give this book to the invigilator. If you do not, you may lose all the marks for this paper.



SQA ©

DO NOT WRITE IN THIS MARGIN

*Marks*

You are attending an international outdoor activities camp in Mardan.

**1.** The Course Director, Mr Fareed Ahmad, welcomes you all to the camp. What does he tell you about himself? Give **two** details. **2**

* * * * *

**2.** He then tells you about the main aims of the camp. What are those aims? Mention **three** things. **3**

* * * * *

**3.** He gives you some more information about the camp. What does he tell you? Give **two** details. **2**

* * * * *

**4.** He tells you about the camp rules. What does he say? Mention **three** things. **3**

* * * * *

DO NOT WRITE IN THIS MARGIN

*Marks*

**5.** You meet a Pakistani boy, Danish, who is participating in the camp. Why does he say that he is taking part? Give **three** reasons. **3**

* * * * *

**6.** What does he hope to do after he has left school? Give **three** details. **3**

* * * * *

**7.** How does he hope to pay for this? Mention **three** things. **3**

* * * * *

**8.** You meet another Pakistani girl, Shamsa, who explains why her other classmates did not come to the camp. What does she say? Mention **three** things. **3**

* * * * *

 **[Turn over for Question 9 on *Page four***

DO NOT WRITE IN THIS MARGIN

*Marks*

**9.** Shamsa tells you about her reasons for taking part in camping. What does she say? Give **three** details. **3**

* * * * *

**Total (25)**

[*END OF QUESTION PAPER*]

C

# 4100/409

NATIONAL QUALIFICATIONS 2008

TUESDAY, 20 MAY
2.30 PM – 3.00 PM
(APPROX)

URDU
STANDARD GRADE
Credit Level
Listening Transcript

**This paper must not be seen by any candidate.**

The material overleaf is provided for use in an emergency only (eg the recording or equipment proving faulty) or where permission has been given in advance by SQA for the material to be read to candidates with additional support needs. The material must be read exactly as printed.



SQA
©

**Transcript—Credit Level**

| |
|---|
| **Instructions to reader(s):**<br>For each item, read the English **once**, then read the Urdu **three times**, with an interval of 5 seconds between the readings. On completion of the third reading, pause for the length of time indicated in brackets after each item, to allow the candidates to write their answers. |

You are attending an international outdoor activities camp in Mardan.

**Question number one.**
The Course Director, Mr Fareed Ahmad, welcomes you all to the camp. What does he tell you about himself? Give **two** details.

میں پچھلے سات سال سے اس کیمپنگ کا ڈائیریکٹر ہوں۔ یہاں آنے سے پہلے میں ایک اسکول میں حساب کا اُستاد تھا۔

(*40 seconds*)

**Question number two.**
He then tells you about the main aims of the camp. What are those aims? Mention **three** things.

ہمارے چار مقاصد ہیں۔ مُلکوں کے درمیان دوستی کو مضبوط کرنا، اپنے آپ میں خود اعتمادی پیدا کرنا، آزادی سے کام کرنا اور یہاں زیادہ سے زیادہ تفریح کرنا۔

(*40 seconds*)

**Question number three.**
He gives you some more information about the camp. What does he tell you? Give **two** details.

یہ کیمپ تین ہفتوں کے لئے ہے۔ یہاں ایک سو نوجوان لڑکے اور لڑکیاں ہیں جو مختلف مُلکوں سے آئے ہوئے ہیں۔

(*40 seconds*)

**Question number four.**
He tells you about the camp rules. What does he say? Mention **three** things.

اِس کیمپ کے تین اہم قوانین ہیں۔ خیموں میں کچھ نہیں پکائیں گے۔ گھومنے اور سیر
کرنے کے بعد دس بجے رات کو سب اپنے اپنے خیموں میں واپس آ جائیں گے۔
سامنے والی جھیل میں تیرنا سختی سے منع ہے۔

(*40 seconds*)

**Question number five.**
You meet a Pakistani boy, Danish, who is participating in the camp. Why does he say that he is taking part? Give **three** reasons.

میں نے اِس کیمپ میں اِس لئے حصّہ لیا ہے کہ میں کھیل پسند کرتا ہوں اور یہاں
بہت سے کھیل ہو رہے ہیں۔ دوسری بات یہ کہ یہاں دنیا کے مختلف ملکوں سے آئے
ہوئے لوگوں سے ملنے کا موقع ملے گا اور زبانیں بولنے کا تجربہ بھی حاصل ہوگا۔

(*40 seconds*)

**Question number six.**
What does he hope to do after he has left school? Give **three** details.

میں مختلف ممالک کی سیر کروں گا۔ سب سے پہلے میں جنوبی امریکہ جاؤں گا جہاں بارش
سے پیدا ہونے والے جنگلات دیکھوں گا اور وہاں کے لوگوں سے یہ درخواست کروں
گا کہ وہ درخت نہ کاٹیں۔

(*40 seconds*)

**[Turn over**

**Question number seven.**
How does he hope to pay for this? Mention **three** things.

اپنے اس شوق کو پورا کرنے کے لئے میں ایک سُپر مارکیٹ میں ہفتہ کو کام کرتا ہوں, اتوار کو
پڑوسیوں کے باغیچے کی صفائی کرتا ہوں اس طرح سے مجھے خاصی رقم مل جاتی ہے اس
کے علاوہ میرے والدین نے بھی مجھے کچھ پیسے دیئے ہیں۔

(*40 seconds*)

**Question number eight.**
You meet another Pakistani girl, Shamsa, who explains why her other classmates did not come to the camp. What does she say? Mention **three** things.

میں یہاں اکیلی آئی ہوں۔ میری زیادہ تر سہیلیاں سمندر کے ساحل پر سیر
کرنے چلی گئیں۔ کیونکہ وہ ریت اور سمندر پسند کرتی ہیں۔ اس کے علاوہ اُن
کو پانی کے کھیل اور سمندر کے کنارے اونٹ کی سواری کرنا پسند ہے۔

(*40 seconds*)

**Question number nine.**
Shamsa tells you about her reasons for taking part in camping. What does she say? Give **three** details.

میں تو ویسے ہی بہت سُست ہوں اور ایک ایسے دفتر میں کام کرتی ہوں جہاں مجھے سارا
دن کرسی پر بیٹھنا پڑتا ہے۔ اس لئے مجھے تازہ ہوا اور ورزش کی ضرورت ہے۔ تا کہ
میری صحت اچھی رہے۔

(*40 seconds*)

**End of test.**

**Now look over your answers.**

[*END OF TRANSCRIPT*]